تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

ایک اہم انتباہ

الیکشن کا شور وشغب چند روزہ ہی ہے۔ایک یا دو ماہ میں فیصلہ ہو جائے گا اور سب ختم ہو جائے گا۔ چند روزہ گہما گہمی ہے۔جس نے جیتنا ہوگا وہ جیت جائے گا۔لیکن معاشرہ میں بعض لوگ اصلاح کے ٹھیکیدار بن کر لوگوں پر کیچڑ اُچھالتے پھر رہے ہیں یہ کہہ کر کہ ہم برائی سے لوگوں کو آگاہ کر رہے ہیں۔پس بحیثیت مسلمان آپ کو کچھ باتیں بالکل نہیں بھولنی چاہئے۔جب بھی آپ کسی کو برا بھلا کہتے ہیں تو اِس سے کتنے منفی اثرات پیدا ہوتے ہیں اور آپ کون کون سے گناہوں کے مرتکب ہوتے ہیں۔غور سے پڑھئے اور خود کو بچایئے!!!!!

ماہنامہ محاسن الاسلام ملتان
مدیر حضرت علامہ الحاج مفتی محمد اسحاق ملتانی دامت برکاتہم

Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery

WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

غیبت کے گناہ سے بچئے

ا) غیبت جو کہ ایک شدید گناہ ہے جس کو زنا سے بھی بدتر کہا گیا ہے۔ یعنی جب بھی آپ کسی کا نام لے کر برائی کریں گے خواہ وہ برا ہے یا اچھا، خواہ وہ آپکی پارٹی کا ہے یا مخالف، خواہ آپ سچ بول رہے ہیں یا جھوٹ لیکن اگر آپ نام لے کر برائی کر رہے تو یہ غیبت ہے اور خاص طور پر کسی کی توہین آمیز ویڈیو شیئر کرنا یا پھر اُسکی مزاحیہ تصویریں پھیلا کر انجوائے کرنا یقینی غیبت ہے جو حرام ہے اور اللہ رب العزت کو ناراض کرنے والی بات ہے۔

ماہنامہ محاسنِ اسلام ملتان
مدیر
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

بدامنی اور فساد پھیلانے کا گناہ

۲) مسلمانوں کے معاشرہ میں بدامنی اور فساد پھیلانے کا گناہ۔ اگر آپ کو کوئی سیاسی شخصیت پسند نہیں تو اُسکے عقیدت مندوں کے ساتھ بے وجہ کی فضول بحث اور اُنکو شر پر اُبھارنے کی اسلام میں قطعاً اجازت نہیں۔ حتیٰ کہ کفار کے ساتھ بھی بدامنی نہ ہو اسی لئے فرمایا کہ اُنکے معبودوں کو بُرا بھلا مت کہو اگرچہ وہ غلیظ اور نجس ہیں لیکن اُن کے سامنے اگر ایسا کہو گے تو شر اور فساد معاشرہ میں پھیلے گا جس کا نقصان پھر دیر سویر تم خود کو ہی اٹھانا پڑے گا

ماہنامہ محاسن الاسلام ملتان
مدیر مفتی محمد اسحاق ملتانی
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

مسلمان کو رُسوا کرنے میں خود آپ کی رُسوائی ہے

۳) کسی مسلمان کو رُسوا کرنے کا گناہ بہت بڑا ہے۔ آج آپ الیکشن کے سلسلہ میں کسی شخصیت پر خوب کیچڑ اُچھال سکتے ہیں اور یہ سوشل میڈیا پر بہت آسان ہے لیکن یاد رکھئے !!!

اگر کل کسی نے روزِ محشر حق تعالیٰ کی عدالت میں آپ پر یہ کیس کر دیا کہ اِس شخص نے مجھے دنیا میں رُسوا کیا تھا تو آپ مشکل میں پھنس جائینگے۔ اسی لئے احتیاط ضروری ہے۔

ماہ نامہ محاسنِ اسلام ملتان
مدیر
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

طعن و تشنیع کا گناہ

۴) مؤمن کبھی بھی طعنہ دینے والا اور گالم گلوچ کرنے والا نہیں ہوتا۔ اور اگر آپ ایسا کر رہے ہیں یعنی کسی کو طعنہ یا گالی دے رہے ہیں خواہ وہ اسکا مستحق بھی ہو۔ یعنی ایک شخص چور ہے لیکن آپ اُسکو بھرے مجمعہ میں پکار پکار کر چور کا طعنہ دیں یا اُسکو ذلیل سمجھ کر گالی دیں تو یہ تحقیر کرنا بالکل غلط اور خلاف اسلام ہے۔ چور ہو یا کوئی بھی مجرم، سزا اور اصلاح کا حق صرف قاضی یا عدالت کو ہے۔ آپ کے ذمہ ہے اپنے گریبان میں جھانکنا

ماہنامہ محاسن اسلام ملتان
مدیر
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

قرآن کے حکم کی خلاف ورزی کا گناہ

۵) مخالف سیاسی شخصیت کو نیچا دکھانے کے لئے طرح طرح سے نام بگاڑے جاتے ہیں اور برے برے القاب سے پکارا جاتا ہے حالانکہ قرآن کریم میں وضاحت کے ساتھ مؤمنین کو منع کیا گیا ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کو برے القاب سے مت پکارو اور نام مت بگاڑو ایک دوسرے کا۔ وقتی مخالفت کے لئے نام بگاڑ کر نعرہ بازی کرنے سے شاید آپکی پارٹی غالب آئے لیکن جو قرآن مجید کے حکم کی خلاف ورزی کی ہے اُسکا آپ رب تعالیٰ کو کیا جواب دینگے؟

ماہنامہ محاسن الاسلام ملتان
مدیر
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

گناہ جاری ہوجانے کا خطرہ

۶) یعنی مخالف سیاسی پارٹی کو نیچا دکھانے کے لئے جو طعن آمیز باتیں آپ نے اپنی فیس بوک پر لکھیں یا کوئی ویڈیو یا فوٹو مذاق اُڑانے کیلئے انٹرنیٹ سوشل میڈیا پر لوگوں کو بھیجا تو یہ آپ کے لئے گناہ جاریہ ہوگا۔ یعنی جتنے لوگ بھی اس پوسٹ کی وجہ سے گتھم گتھا ہوں گے اور ایک دوسرے کے ساتھ گالم گلوچ کرینگے۔ آپ کو گناہ ملتا رہے گا۔ اس طرح آپ کی جو نیکیاں ہیں جو مقدار میں پہلے ہی تھوڑی ہوں اور وہ بھی ان الیکشن میں ضائع ہوجانے کا خطرہ ہے۔

ماہنامہ محاسن الاسلام ملتان
مدیر مفتی محمد اسحاق ملتانی
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248

تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
www.taleefat.com

مسلمان ہونے کا ثبوت دیجئے

ایک مسلمان ہمیشہ اچھا شہری اور معاشرہ کا بہترین فرد ہوتا ہے۔ اسی لئے مثبت سرگرمیاں اپنائیں اور ان باتوں پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں تک پہنچائیں۔ اگر آپ کو مخالف پارٹی کی کوئی توہین یا تضحیک والی چیز سامنے آتی ہے تو اُسکو فوراً مسخ (ڈیلیٹ) کر دیں تاکہ پرامن فضا قائم رہے یا پھر اُسکو اپنے تک محدود رکھیں۔ حتی الامکان اپنے مسلمان بھائیوں کی دل آزاری سے بچنے کی کوشش کریں۔ مکرراً یہ بات یاد رکھئے اگر آپ معاشرہ میں کوئی بھی بدامنی پھیلاتے ہیں یا سبب بنتے ہیں تو اسکا خمیازہ کل یا پرسوں دیر سویر آپ کو یہ بھگتنا پڑے گا۔

ماہنامہ محاسن الاسلام ملتان
مدیر
Get Islamic Books at your doorstep with Free Home Delivery
WhatsApp # +923111255248